© rasailojaraid.com

میں تعارفی پروگرام بھی منعقد ہوچکے ہیں۔اس کتاب میں جن نامور شخصیات کے متعلق مضامین موجود ہیں ان کے اسماء یہ ہیں مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ،مولانا خیر محمد جالندہریؒ، مولاناسید محمد علی مونگیریؒ،مولانا محمد علی جالندہریؒ،مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ،مولانا محمد شفیع دیوبندیؒ،خلیفہ غلام محمد دینپوریؒ،مولاناسید محمدیوسف بنوریؒ،مولانا ابوسعداحمدخانؒ ،مولانا مفتی محمودؒ مولانا عبداللہ سلیمپوریؒ،مولانا غلام اللہ خانؒ،مولانا حبیب الرحمن لدھانویؒ،مولانا غلام غوث ہزارویؒ،مولانامحمد یوسف دہلویؒ،مولانامحمد زکریا مہاجرمدنیؒ،مولاناسدمحمد بدر عالم میرٹھیؒ،مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ، مولاناعبدالرحمن کاملپوریؒ،مولاناعبدالحق اکوڑہ خٹکؒ۔

امید کی جاسکتی ہے کہ آپ کے قلم سے مستقبل میں مزید اس قسم کے شاہکار منصہ شہود پر نمودار ہونگے۔اور آپ کا جاری کردہ یہ سلسلہ انشاء اللہ ابھی مزید چلے گا۔کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتاہے کے اس کے دوسرے ایڈیشن کی تیاریاں ہورہی ہیں

نام کتاب ــ **وہ کوہ کن کی بات**

تالیف:۔ مولانا نور عالم خلیل امینی صاحب ــ

مدیر الداعی واستاادب عربی دارالعلوم دیوبند

صفحات:۔۱۷۴

ملنے کا پتہ:۔ ادارہ علم وادب یوپی (انڈیا)

دارالعلوم دیوبند کے ہر ایک فاضل کو اللہ تعالیٰ نےوہ وہ خصوصیات ودیعت فرمائی ہیں ،کہ وہ مستقل تصنیف اورتذکرے کے متقاضی ہیں۔ان ہی نابغہ روزگارہستیوں میں ایک شخصیت حضرت مولاناوحید الزمان صاحب قدس سرہ ناظم تعلیمات دارالعلوم دیوبند کی ہے۔

آپکے نادر اہل قلم اور برصغیر کے مشہور ادیب تلمیذ رشید مولانا نور عالم خلیل امینی مدیر الداعی(عربی)دارالعلوم دیوبند نے آپ کی وفات کے بعد ایک انوکھے انداز میں آپ کی خصوصیات تحریر فرمائی ہیں۔ جن میں آپ کی شخصیت ،علمی مقام بطرز تدریس ، انوکھا



© rasailojaraid.com